وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

انسانیت کی کامیابی اور عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کا واحد راستہ سیرت النبی ﷺ کو اپنانے میں ہے۔ڈاکٹر آصف محمود جاہ

قرآن وحدیث کی رو سے کسی انسان کا ناحق قتل بہت بڑا جرم ہے، خورشید احمد ندیم

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں سیرت النبی ﷺ پر تقریب سے خطاب

اسلام آباد(   ) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کہا ہے کہ انسانیت کی کامیابی اور عصر حاضر کے ہر قسم کے چیلنجز سے نمٹنے کا واحد راستہ رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنانے میں ہے۔آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبہ میں انسانیت کی رہنمائی فرمائی ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات سے پتہ چلتا ہے کہ کسی انسان کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے۔انہوں نے یہ باتیں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور وفاقی ٹیکس محتسب میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے منعقدہ دو مختلف تقاریب سے صدارتی خطاب کے دوران کہیں۔ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کہا کہ محتسب کے اداروں میں غریب لوگ اپنے مسائل لے کر آتے ہیں، ان کے کام آنا اور ان کے ساتھ چند قدم چلنا بھی بہت بڑی عبادت ہے۔وفاقی ٹیکس محتسب میں تقریب میں رحمتہ للعالمین اتھارٹی کے سربراہ خورشید احمد ندیم مہمان خصوصی تھے۔انہوں نے اپنے خطاب میں قرآن وحدیث کے حوالوں سے بتایا کہ اللہ کے ہاں انسانی جان کی حرمت بہت زیادہ ہے اور ناحق کسی کی جان لینا بہت بڑا جرم ہے۔دونوں تقاریب میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر تقریری اور نعت مقابلے بھی کروائے گئے۔دونوں تقریبات میں اول، دوم اور سوم آنے والوں کو بعد ازاں وفاقی ٹیکس محتسب کے آفس میں ایک تقریب کے دوران رحمتہ للعالمین اتھارٹی کے سربراہ خورشید احمد ندیم کے ہاتھوں انعامات اور تعریفی اسناد پیش کی گئیں۔تقریری ونعت مقابلوں میں نادیہ کامران، خالد سیال، صابر حسین، سید وقاص شاہ، شکیل حسین شاہ، مزمل سعید، مبشر ستی، اعظم طارق، نائلہ الطاف، ماہ نور تقبل غفور اور الطاف حسین نے انعامات حاصل کئے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

30/09/2024

03335333266

30 ستمبر 2024ء